تربت ( بیورو رپورٹ ) مکران میڈیکل کالج تربت کے طلبہ کا احتجاجی دھرنا پانچویں روز جاری۔ طلبہ کی جانب سے نتائج میں مبینہ بے ضابطگیوں اور غیر شفاف فیصلوں کے خلاف شدید احتجاج کیا جا رہا ہے۔ احتجاج کا آغاز پہلے کالج کے اندر کیا گیا جہاں طلبہ و طالبات نے ایڈمن بلاک کے سامنے دھرنا دے کر کالج انتظامیہ سے اپنے تحفظات اور مطالبات پیش کیے۔ تاہم انتظامیہ کی جانب سے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر)

کوئی سنجیدہ جواب یا عملی اقدام سامنے نہ آنے پر طلبہ نے احتجاج کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے کالج کے مرکزی گیٹ کے باہر ایم 8 شاہراہ کو بلاک کر دیا۔ شاہراہ کی بندش کے باعث ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہوئی جبکہ مسافروں اور مقامی شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ احتجاجی طلبہ کا کہنا ہے کہ بائیو کیمسٹری امتحانات کے حالیہ نتائج میں شفافیت کا فقدان ہے جس کے نتیجے میں تین طلبہ کو فیل قرار دیا گیا ہے۔ طلبہ کے مطابق ان نتائج کے باعث متعدد طلبہ کو بیک ایئر کرنے کا سامنا ہے، جو ان کے تعلیمی مستقبل کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ طلبہ مطالبات کا اظہار [illegible] نتائج میں مبینہ بے ضابطگیوں اور ممکنہ غلطیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے [illegible] بار کالج انتظامیہ سے رجوع کیا، مگر نہ تو نتائج پر نظرثانی کی گئی اور نہ ہی کوئی واضح موقف اختیار کیا گیا، جس کے باعث احتجاج ناگزیر ہو گیا۔ احتجاجی طلبہ نے مطالبہ کیا ہے کہ بائیو کیمسٹری امتحانات کے نتائج کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے۔

# بلوچستان میں محکمہ صحت کے ملازمین کا اے آئی حاضری نظام کا پہلا مرحلہ مکمل

## 36ہزار میں سے 13ہزار ملازمین کی رجسٹریشن‘ ہسپتالوں اور طبی مراکز میں حاضری میں بہتری

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان میں محکمہ صحت کے ملازمین کا اے آئی حاضری نظام کا پہلا مرحلہ مکمل ہوگیا۔ صوبائی محکمہ صحت کے مطابق تمام اضلاع کے ڈی ایچ کیوز اور میڈیکل کالجز کے ملازمین کی رجسٹریشن کی گئی۔ حکام کے مطابق تمام طبی مراکز کے ملازمین، لیڈی ہیلتھ ورکرز کو اے آئی سسٹم میں شامل کرلیا۔ محکمہ صحت کے مطابق پہلے مرحلے میں محکمہ صحت کے 36ہزار میں سے 13 ہزار (بقیہ نمبر 84 صفحہ 5 پر)

ملازمین کی رجسٹریشن مکمل ہوگی۔ محکمہ صحت کے مطابق اس نظام سے اسپتالوں اور صحت مراکز میں حاضری کا نظم بہتر ہوا ہے، غیر حاضر ملازمین کی تنخواہوں میں کٹوتی کا عمل شروع کردیا گیا۔ محکمہ صحت کے مطابق محکمہ صحت کے 23ہزار ملازمین کی رجسٹریشن جاری ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق ملازمین کی رجسٹریشن 31دسمبر تک مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔

# بلوچستان کے طلبہ کیلئے ایل ایل ایم‘ پی ایچ ڈی اسکالرشپس کا اعلان

## ہائر ایجوکیشن کمیشن نے ایل ایل بی ڈگری پروگرام میں داخلے کیلئے ایڈمیشن ٹیسٹ شیڈول بھی جاری کردیا

اسلام آباد (آئی این پی) ہائر ایجوکیشن کمیشن نے بلوچستان کے ہونہار طالب علموں کیلئے ایل ایل ایم و پی ایچ ڈی اسکالرشپس کا اعلان کیا ہے۔ بلوچستان کے طالب علموں کو ملکی جامعات میں ایل ایل ایم اور بیرون ملک ایل ایل ایم اور پی ایچ ڈی کی اسکالرشپس دی جائیں گی، اس (بقیہ نمبر 64 صفحہ 5 پر)

کے لئے ضروری ہے کہ امیدوار کے پاس بلوچستان کا ڈومیسائل اور لوکل سرٹیفکیٹ ہو۔ ایل ایل ایم کیلئے عمر کی بالائی حد 30 سال جبکہ پی ایچ ڈی کیلئے 35 سال مقرر کی گئی ہے۔ امیدواروں کیلئے ایل ایل بی اور ایل ایل ایم کی تکمیل اور 50 فیصد نمبر ضروری قرار دیے گئے ہیں جبکہ ٹیلنٹ ٹیسٹ میں 50 فیصد نمبر ضروری ہیں، درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 13 جنوری 2026 مقرر کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں ہائر ایجوکیشن کمیشن نے پاکستانی جامعات اور اداروں میں ایل ایل بی ڈگری پروگرام میں داخلے کیلئے ایڈمیشن ٹیسٹ شیڈول بھی جاری کردیا جس کے مطابق درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 29 دسمبر مقرر کی گئی جبکہ ٹیسٹ 25 جنوری کو ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 15 DEC 2025 Page No. 20

# تعلیم ترقی، امن اور خوشحالی کا اصل راستہ ہے، مولانا ہدایت الرحمن

آج نوجوان دینی وعصری تعلیم سے دوری کے سبب مشکلات کا شکار ہیں، گھوسٹ ٹیچرز ہرگز برداشت نہیں کریں گے، ایم پی اے

کوشش ہے عوام کو تعلیم وصحت کی مفت معیاری سہولیات فراہم کریں، اساتذہ، ڈاکٹروں و عملے کو ہمارا ساتھ دینا ہوگا، صوبائی امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے بڈ گوٹھ اور ماڑہ کا تفصیلی دورہ کیا لوگوں سے ملاقات کر کے ان کو درپیش مسائل سے متعلق آگاہی حاصل کی اوران کو حل کرنے کی یقین دہانی کرائی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے گورنمنٹ مڈل اسکول بڈ گوٹھ میں کلاس رومز کا تفصیلی دورہ کیا طلبہ سے ان کو درپیش مسائل سے متعلق استفسار کیا طلبہ نے کتابوں کی کمی کی شکایت کی جس پر مولانا ہدایت الرحمان نے ان سے وعدہ کیا کہ ان کی کتابوں کی کمی کا مسئلہ ان شاء اللہ جلد از جلد حل کیا جائے گا اس کے ......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

بعد طلبہ نے مولانا ہدایت الرحمان سے درخواست کی کہ گولڈن ویک کی آمد ہے مگر ان کے اسکول میں کرکٹ کا پچ موجود ہی نہیں کہ وہ میچ کھیل سکیں اور غیر نصابی سرگرمیوں میں مصروف رہیں جس پر مولانا ہدایت الرحمان نے اسکول انچارج کو دستی کیش کی صورت میں تعاون کر کے ہدایت کی کہ جلد از جلد پچ مکمل کرے تاکہ بچے غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں مولانا ہدایت الرحمان نے کہا کہ تعلیم ہی ترقی امن اور خوشحالی کا اصل راستہ ہے آج نوجوان دینی وعصری تعلیم سے دوری کے سبب مشکلات کا شکار ہیں گوادر کے بند سکولز فعال کر دیئے گھوسٹ سکول و ٹیچرز برداشت نہیں ہر محکمے میں موجود ملازمین اپنی ڈیوٹی پر حاضر رہے اس سے روحانی سکون واطمینان کیساتھ آخرت کا فائدہ اور رزق میں برکت اور عوام کو سہولت ملے گی حرام سے بچ کر حلال رزق کی تلاش کرنی چاہئے اس کے بعد مولانا ہدایت الرحمان بلوچ ایم پی اے سول ڈسپنسری پہنچے جہاں انہوں نے دوائیوں کی فراہمی پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں معیاری علاج وادویات کی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے بدقسمتی ہمارے ہاں سرمایہ دار وزراء و بیوروکریسی ملک سے باہر علاج کو ترجیح دیتے ہیں جس کی وجہ سے سرکاری ہسپتالوں میں معیاری علاج نہ ادویات موجود ہیں اس طرف کسی کو توجہ دینے کی ضرورت پیش نہیں آئی میری کوشش ہوگی کہ عوام کو تعلیم وصحت کی مفت معیاری بہترین سہولیات فراہم کریں اس سلسلے میں ڈاکٹرز ہسپتال کے پورے عملے کو اپنی قوم کی دیانت سے خدمت اور اپنی کامیابی سکون و ترقی کیلئے ہمارا ساتھ دینا ہوگا آخر میں لوگوں کی شکایت پر واٹر ٹینک بڈ گوٹھ کا معائنہ کیا اور پانی کی عدم فراہمی پر ایکسین پی ایچ ای کو فون کر کے جلد از جلد پانی کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان کی ترقی تعلیم میں مضمر، تعلیم کیساتھ ہنر بھی سکھایا جائے

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

بچے ہمارا مستقبل، تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دینا اجتماعی ذمہ داری ہے، نیشنل پارٹی نے ہمیشہ خواندگی کے فروغ کیلئے کوششیں کیں، سابق وزیراعلیٰ

ضلع کیچ میں شرح خواندگی 62 فیصد، 43 فیصد لڑکوں اور 42 فیصد لڑکیوں کا علم حاصل کرنا دور رس نتائج کا حامل ہے، تقریب سے خطاب

تربت (نمائندہ انتخاب) نیشنل پارٹی کے سربراہ اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے چراغ یونیورسل اسکول آپسر میں تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر اسکول کے اساتذہ، طلبہ، والدین اور نیشنل پارٹی کے رہنماؤں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بچے ہمارا مستقبل ہیں اور ان کی تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دینا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری (بقیہ نمبر 56 صفحہ 5 پر)

ہے۔ انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کریں تاکہ وہ مستقبل میں بہتر مقام حاصل کر سکیں۔ بلوچستان کی ترقی تعلیم سے وابستہ ہے اور نیشنل پارٹی ہمیشہ تعلیمی اداروں کے فروغ اور حوصلہ افزائی کے لیے کوشاں رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ چراغ کے معنی روشنی ہیں اور مجھے یقین ہے کہ مستقبل میں یہی بچے قوم کے لیے کامیابی کی روشنی ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کی جانب سے میں امید اور فخر کا اظہار کرتا ہوں۔ ضلع کیچ میں تعلیم کی بہتری کے لیے سرکاری اور نجی اسکولوں کا اہم کردار ہے اور کیچ اس وقت بلوچستان میں تعلیمی میدان میں سرفہرست ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع کیچ میں شرح خواندگی 62 فیصد ہے، جس میں 43 فیصد لڑکے اور 42 فیصد لڑکیاں شامل ہیں، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ہماری بچیاں بھی تعلیم کے میدان میں لڑکوں کے شانہ بشانہ آگے بڑھ رہی ہیں۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ مل گینس کا کہنا ہے کہ غریب پیدا ہونا تمہاری غلطی نہیں، لیکن غریب مرنا تمہاری غلطی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ جدید، ہنرمند اور معیاری تعلیم حاصل کرنا قوم کی بنیادی ضرورت ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو اسکولوں میں داخل کروائیں، اساتذہ سے کہا کہ وہ بچوں کو دل و جان سے پڑھائیں جبکہ طلبہ کو تلقین کی کہ وہ پندرہ سے بیس سال محنت کریں تاکہ مستقبل میں قوم کو ہر شعبے میں اہل اور قابل افراد میسر آ سکیں۔ آخر میں انہوں نے ڈاکٹر نسیم بلوچ اور نوید تاج ایڈووکیٹ کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب میں نیشنل پارٹی وحدت بلوچستان کے میڈیا سیکریٹری حنیف علی بخش، ضلعی نائب صدر حاجی شوکت دشتی، رابطہ سیکریٹری محمد حیات بلوچ، بی ایس او پجار کے رہنما یاسوت چنگیز، اعجاز بلوچ، محراب مالک، جمال بلوچ، بارق رشید، نسیم جان ایڈووکیٹ، سیف اللہ سمیت دیگر رہنما بھی شریک تھے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: MASHRIQ QUETTA
Bullet No. 3
Dated: 15 DEC 2025 Page No. 21

# حکومتیں عوام کے آئینی جمہوری اور انسانی حقوق کا تحفظ کریں، اصغر اچکزئی

## فخر افغان باچاخان کے عدم تشدد کے فلسفے قوموں کے مساوی حقوق پارلیمانی بالادستی کی جدوجہد جاری رکھی جائے گی

## پارٹی کی اصل قوت منظم نظریاتی جمہوری شعور سے آراستہ کارکن ہیں، تنظیمی ڈھانچے کو نچلی سطح تک فعال بنائیں گے

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کی صوبائی کونسل کا اجلاس زیر صدارت صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی منعقد ہوا جس میں ملکی سیاسی صورتحال حکومتی طرز حکمرانی تنظیمی فعالیت اور پارٹی کی نظریاتی وفکری اساس پر سنجیدہ دوٹوک اور اصولی بحث کی گئی اجلاس میں اس امر........ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

کا اعادہ کیا گیا کہ عوامی نیشنل پارٹی فخر افغان باچاخان کے عدم تشدد جمہوریت قوموں کے مساوی حقوق پارلیمانی بالادستی اور آئینی جدوجہد کے نظریے پر غیر متزلزل یقین رکھتی ہے اور کسی بھی صورت جبر انتہا پسندی غیر سیاسی قوتوں کی سیاسی مداخلت اور غیر جمہوری طرز عمل کو قبول نہیں کرے گی اجلاس میں واضح کیا گیا کہ پارٹی کی اصل قوت اس کے منظم نظریاتی طور پر تربیت یافتہ اور جمہوری شعور سے آراستہ کارکن ہیں لہٰذا تنظیمی ڈھانچے کو نچلی سطح تک فعال جوابدہ اور متحرک بنانا ناگزیر ہے اجلاس کے دوران کونسل۔ کے ارکان نے مرکزی آئینی کمیٹی کی جانب سے مرتب کردہ مجوزہ آئینی ڈرافٹ کا تفصیل سے جائزہ لیا صوبائی کونسل کے ارکان نے بامقصد اور نظریاتی نظریاتی بنیادوں جامع اور ٹھوس تجاویز مرتب کیں جسے پہلے مرحلے میں یکم جنوری کو باچاخان مرکز پشاور میں منعقدہ مرکزی آئینی کمیٹی کے اجلاس 3 جنوری کو مرکزی کمیٹی اجلاس اور بعدازاں 4 جنوری کو منعقد ہونے والے مرکزی کونسل کے اجلاس میں حتمی منظوری کے لیے پیش کیا جائیگا اجلاس میں بلوچستان کی سنگین صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ صوبے کے عوام بدامنی دہشت گردی انتہا پسندی خوف و ہراس سیکورٹی کے نام پر چیک پوسٹوں کے نرغے میں ہے پشتون خوا اور بلوچستان کے وسائل الاٹمنٹ کے نام پر قبضہ کئے جا رہے ہیں چمن طورخم پر تجارت کی مکمل بندش جبکہ دوسری جانب واہگہ اور ایران کیساتھ تمام تر تنگیوں کے باوجود تجارت رواں دواں جسے عوامی نیشنل پارٹی پشتونوں کی معاشی قتل عام سمجھتی ہے آئے روز قومی شاہراہوں کی بندش اور اسے ڈیتھ سکواڈ کے حوالے جبکہ سیکورٹی کے نام پر پشتونوں اور بلوچوں کی اقدار کی توہین وتضحیک کی جاری ہے دوسری جانب انٹرنیٹ گیس بجلی و پانی جیسی بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کی لپیٹ میں ہے

# بلوچستان کی خوشحالی میں ہی پاکستان کی ترقی مضمر ہے، علی مدد جتک

## عوام نے قوم و مذہب پرستی کے نام پر کی جانے والی سیاست کو مسترد کردیا اور پی پی پی کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں، رکن اسمبلی

## چیئرمین بلاول بھٹو زرداری شہید محترمہ کے وژن کے عین مطابق بلوچستان پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں، کلی حسین آباد میں شمولیتی جلسے سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء اور رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر علی مدد جتک نے کہا ہے کہ آج عوام نے قوم اور مذہب پرستی کے نام پر کی جانے والی سیاست کو یکسر مسترد کردیا ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں یہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بلوچستان اب ترقی کی ان منازل کی جانب گامزن ہے جن کا خواب ہم سب نے مل کر دیکھا تھا ان خیالات کا اظہار انہوں نے سریاب مل کلی حسین آباد میں منعقدہ شمولیتی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا شمولیتی جلسے میں قبائلی و سیاسی رہنماؤں اور نگریب لہڑی، حسین........ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

مینگل، عبدالمالک لہڑی، وسیم مینگل، طارق مینگل، حاجی نواز مینگل، تکبیر احمد مینگل، جام خان مینگل، داد محمد شاہوانی، نعیم شاد محمد شیخی، ناصر محمد شیخی، امام بخش محمد شیخی، ابراہیم مینگل، نور حسین مینگل، ڈاکٹر ضیاء مینگل، عطاء الرحمان مینگل سمیت دیگر رہنماؤں نے سینکڑوں ساتھیوں کے ہمراہ جمعیت علماء اسلام سے مستعفی ہوکر پاکستان پیپلز پارٹی میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کیا جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حاجی میر علی مدد جتک نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہونے والے تمام دوستوں کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں انہوں نے کہا کہ پارٹی کی بھرپور کوشش ہے کہ کوئٹہ بالخصوص سریاب کے عوام کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نوجوانوں کیلئے روزگار، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں موثر منصوبوں پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں، جن کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ رہے ہیں حاجی میر علی مدد جتک نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے وژن کے عین مطابق بلوچستان پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں کیونکہ پیپلز پارٹی کی قیادت اس امر سے بخوبی آگاہ ہے کہ بلوچستان کی خوشحالی میں ہی پاکستان کی ترقی مضمر ہے انہوں نے کہا کہ اہل بلوچستان اب قوم اور مذہب پرستی کی سیاست کو مسترد کرچکے ہیں کیونکہ ماضی میں عوام کو ان نعروں کے نام پر دھوکہ دیا جاتا رہا، مگر اب بلوچستان بالخصوص سریاب کے عوام ان سیاسی دھوکہ بازوں کو پہچان چکے ہیں آخر میں حاجی میر علی مدد جتک نے پاکستان پیپلز پارٹی میں نئے شامل ہونے والے کارکنوں کو پارٹی کے مفلر پہنائے اور ان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

# بی این پی اور جے یو آئی کی بلدیاتی انتخابات سے متعلق مشاورت

## دونوں پارٹیوں کے وفود نے انتخابی حکمت عملی اور باہمی امور پر گفتگو کی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل ملک نصیر احمد شاہوانی کی قیادت میں بی این پی کے وفد ضلعی صدر غلام نبی مری ملک ابراہیم شاہوانی جان محمد مینگل اور دیگر نے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس سے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے ابتدائی مشاورت کی۔ ملاقات میں جمعیت علماء اسلام ضلع........! بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ کے نائب امیر مولانا محمد ایوب حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ مسعود احمد، مولانا محمد شعیب جدون اور میر سرفراز شاہوانی سے بھی ہوئی۔ ملاقات میں بلدیاتی انتخابات کی مجموعی صورتحال، انتخابی حکمت عملی اور باہمی امور پر تفصیلی اور خصوصی گفتگو کی گئی۔ فریقین نے بلدیاتی انتخابات کو عوامی مسائل کے حل کا اہم ذریعہ قرار دیتے ہوئے آئندہ بھی رابطے اور مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated 15 DEC 2025 Page No. 22

# ایم پی ایز اور وزرا بلدیاتی انتخابات پر اثر انداز ہو رہے ہیں، پشتونخوا نیپ

الیکشن کمیشن نے ایم پی ایز اور وزراء کو کوئٹہ میں ترقیاتی کاموں سے ابھی تک نہیں روکا ہے جو کہ افسوس ناک عمل ہے، نصر اللہ زیرے

ایسی صورت میں انتخابات کی شفافیت متاثر ہوتی ہے، کمپاؤنڈ پولنگ سٹیشنز کا قیام بھی الیکشن میں دھاندلی کا منصوبہ ہے، رحمت اللہ صابر

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری مالیات یوسف خان کاکڑ، صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز رحمت اللہ صابر، ڈاکٹر صلاح الدین، عبدالرزاق خان بڑیچ، حمد اللہ خان بڑیچ نے مسلم اتحاد کالونی، پوسٹل کالونی، بڑیچ آباد، کاسی روڈ، کچلاغ اول، دوئم اور نوحصار میں انتخابی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نوحصار میں نور احمد محمد حسنی کی قیادت میں 50 سیاسی کارکنوں نے پشتونخوا نیپ میں شمولیت کا اعلان کیا۔ اجتماعات سے سید عبداللہ آغا، گل شاہین، وردو بازی، امیر محمد کاکڑ و .........

بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

اکبر حیات بڑیچ، منیر جیلوانک، علی احمد، ایمل بازی، بہور خان، قسیم علیزی ایڈووکیٹ، عبداللہ بڑیچ، مہدان خٹک اور نامزد امیدواروں نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے ایم پی ایز اور وزرا کو کوئٹہ میں ترقیاتی کاموں سے ابھی تک نہیں روکا ہے جو کہ افسوس ناک عمل ہے اور بلدیاتی انتخابات پر مکمل طور پر اثر انداز ہو رہے ہیں اور صاف شفاف، غیر جانبدارانہ اور آزادانہ انتخابات کا انعقاد ممکن نہیں ہے، انہوں نے کہا کہ اسی طرح کوئٹہ میں کمپاؤنڈ پولنگ سٹیشن کا قیام بھی الیکشن میں دھاندلی کا منصوبہ ہے۔ اس طرح کے اوچھے ہتھکنڈے ناقابل قبول ہے، انہوں نے کہا کہ بلدیاتی اداروں کو ترجیحی طور پر کام کرنے دیے جائیں تو کوئٹہ شہر کے مسائل حل ہو سکتے ہیں

# بلدیاتی اداروں کی تشکیل سے عوامی مسائل نچلی سطح پر حل ہونگے، پشتونخوا میپ

بلدیاتی انتخابات میں پشتونخوامیپ کے نامزد امیدواروں کی کامیابی کیلئے کارکن بھرپور مہم چلائیں، صوبائی جنرل سیکرٹری پی کے میپ

بلند بانگ دعوے نہیں بلکہ عملی طور پر جدوجہد کرکے سالہا سال سے درپیش عوامی مسائل کو حل کرنے کیلئے کوشاں رہیں گے، سردار ادریس بڑیچ

کوئٹہ (آن لائن) بلدیاتی انتخابات میں کامیابی کے لیے کارکنوں نے بھرپور مہم چلانی ہوگی، گھر گھر تک پارٹی پروگرام پہنچانا اور نامزد امیدوار کی کامیابی کے لیے دن رات محنت کرنی ہوگی۔ بلدیاتی انتخابات میں کامیابی کی صورت عوام کے مسائل نچلی سطح پر حل کرنے میں آسانی ہوگی، عوام اپنے ووٹ سے حقیقی اور خدمتگار نمائندوں کو کامیاب بنائیں۔ بلند بانگ دعوے نہیں بلکہ عملی طور پر جدوجہد کرکے سالہا سال سے درپیش عوامی مسائل کو حل کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوامیپ کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر .........

بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سردار ادریس بڑیچ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نظام مسکر، ضلع معاونین جمشید دوتانی، محمد نعیم اچکزئی، صابری ترین، عطاء اللہ ایسری، حیات خان بڑیچ، تحصیل سیکرٹری نیاز بڑیچ، سینئر معاون سیکرٹری سید عبدالخالق آغا، صدام اچکزئی، علاقائی سیکرٹری ملک سلطان درانی، قربان بڑیچ، حاجی ببرار شاہ آغا اور دیگر تحصیل رہنماؤں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں دفاتر کے افتتاح اور عوامی اجتماعات اور علاقائی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مسلم اتحاد کالونی میں انتخابی اجلاس محمد حیات بڑیچ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ مسلم اتحاد کالونی میں انتخابی دفتر کا افتتاح سردار ادریس بڑیچ و دیگر رہنماؤں نے کیا۔ سریاب تحصیل سے مربوط غازی امان اللہ خان علاقائی یونٹ کانفرنس منعقد ہوا۔ کانفرنس میں علاقائی سیکرٹری ماسٹر مطیع اللہ اچکزئی، سینئر معاون سیکرٹری اللہ محمد نصرت، اطلاعات سیکرٹری سرادو خان الکوزئی، مالیات سیکرٹری نیاز افغان، رابطہ سیکرٹری ایوب خان بانیزئی، ابراہیم کاکوزئی، کانے گل، رازق شیدا، ببار قہرمان معاونین منتخب ہوئے۔ کابینہ سے جمشید خان دوتانی نے حلف لیا۔

# میر سرفراز بگٹی پنجاب پر ٹریفک آرڈیننس واپس لینے پر زور ڈالیں، انجمن تاجران

کردار ادا نہ کرنے پر بلوچستان گڈز ٹرک اونرز کیساتھ مل کر سخت احتجاج پر مجبور ہو جائیں گے، رحیم آغا

کوئٹہ (آن لائن) انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا نے گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹریفک آرڈیننس 2025 واپس لیا جائے یہ بات انہوں نے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے مرکزی سیکرٹریٹ میں بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں سے ملاقات میں کہی رحیم آغا نے کہا .........

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

کہ تاجر اور گڈز ٹرانسپورٹرز ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال سے پورے ملک میں اشیاء خورد و نوش سمیت دیگر سامان کی ترسیل رک چکی ہے جس سے اشیاء خورد و نوش کی قلت کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور دیگر حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ پنجاب حکومت سے رابطہ کرکے آرڈیننس واپس لینے اور ٹرانسپورٹروں کے مسائل حل کرنے میں کردار ادا کریں بصورت دیگر بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کیساتھ مل کر سخت احتجاج پر مجبور ہو جائیں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No 5 Dated: 15 DEC 2025 Page No. 24

# اربوں روپے کی ترقی کے دعوے نصف حب شہر میں ایک ہفتے سے اندھیرے کا راج

## عوام بنیادی سہولتوں سے محروم گیس، بجلی، پانی، انٹرنیٹ لینڈ لائن ٹیلی فون موبائل سروس معطل

## نصف حصہ اندھیرے میں ڈوبا ہوا، کیبل فالٹ کی بحالی کے صرف دعوے کئے جا رہے ہیں لیکن بجلی بحال نہیں ہو رہی

حب (نمائندہ انتخاب) حب ایک جانب اربوں روپے کی ترقی کے دعوے تو دوسری طرف پورا شہر کھنڈرات کے مناظر کرنے لگا عوام بنیادی سہولتوں سے محروم گیس، بجلی، پانی، انٹرنیٹ لینڈ لائن ٹیلی فون موبائل سروس معطل، K الیکٹرک کی شاندار کارکردگی پر شادیانے بجانے والے افسران اور ان کی ٹیم کی حالت زار یہ ہے کہ پچھلے کئی ماہ سے پورے شہر کی بجلی کا نظام جگاڑ پر چلایا جا رہا ہے گزشتہ ایک ہفتہ سے شہر کا نصف حصہ اندھیرے میں ڈوبا ہوا، کیبل فالٹ کی بحالی کے صرف دعوے کئے جا رہے ہیں لیکن بجلی بحال نہیں ہو رہی K الیکٹرک ذرائع بتاتے ہیں کہ حب شہر میں RCD ہائی وے کے کنارے سیوریج اور واٹر

بقیہ نمبر 40 صفحہ 5 پر

سپلائی پائپ لائن کی بچھائی کے نام پر جاری کھدائی کے دوران ہیوی مشینری نے تقریباً ایک کلومیٹر کے فاصلے دوران K الیکٹرک کی الہ آباد، دین، چیزل آباد اور ساکران فیڈر کے زیر زمین کیبل پر کٹ آئے ہیں اور یہ کٹس کافی مقامات پر آئے ہیں جبکہ چیزل آباد فیڈر کے کیبل پر سب سے زیادہ کٹس آئے ہیں کہ K الیکٹرک حکام نے نیا کیبل بچھانے کی تجویز دی ہے تاہم نئے کیبل کی منظوری تک بجلی کی بحالی کا کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا واضح رہے کہ حب شہر میں بجلی کا خود ساختہ بجلی کا بحران گزشتہ ایک ماہ سے چل رہا ہے اس حوالے سے شہری سراپا احتجاج ہیں لیکن نہ تو حب انتظامیہ اور نہ ہی K الیکٹرک انتظامیہ کان دھرنے کو تیار دکھائی دیتی ہے جبکہ دوسری جانب شہریوں نے چن منتخب عوامی نمائندوں چاہے وہ بلدیاتی نمائندوں ہوں یا پھر صوبائی اور قومی اسمبلی کے نمائندوں ہیں ان کی طرف سے شہریوں کے مسائل پر کوئی شنوائی تو دور کنار حل تسلی کیلئے اخباری بیان تک سامنے نہیں آیا جس پر شہریوں نے شدید احتجاج کیا ہے ایسی ہی صورتحال حب شہر میں گیس کی ہے سردی کا سیزن شروع ہوتے ہی گیس پریشر کم کر دیا گیا ہے تو دوسری طرف رات 10 بجے سے قبل ہی اور صبح آ بجے گیس کی فراہمی بند کر دی جاتی ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ حب واٹر پلان کے بے ترتیب کام اور سرکاری و نیم سرکاری محکموں کے افسران کے مابین رابطے کے فقدان کی وجہ سے ان کی گیس واٹر سپلائی اور اب تو انٹرنیٹ اور موبائل فون سروسز بھی بری طرح سے متاثر ہو رہی ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ حب کی ترقی پر حکومت میں بیٹھے وزیر اربوں روپے ترقی کے دعوے کر رہے ہیں لیکن اس وقت حب کے شہری پتھر کے دور کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں کوئی سرکاری محکمہ شہریوں کی بات سننے کو تیار نہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک جانب شہری مسائل تو دوسری طرف امن وامان کی مخدوش صورتحال نے ان کی زندگی اجیرن بنا کر رکھ دی ہے شہری نہ تو اپنے گھروں دکانوں میں محفوظ ہیں اور نہ ہی کوئی شہری راہ چلتے ہوئے محفوظ ہے حب ایک بڑا صنعتی شہر ہے جہاں پر ملکی و غیر ملکی سرمایہ داروں نے اربوں روپے کی سرمایہ کاری کی ہوئی ہے لیکن حب انڈسٹریل ایریا کے ڈی SHO کی وجہ سے نہ حب کے صنعتکار بلکہ وہاں پر رہنے والے محنت کش اور شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ پہلے انہیں امن دو پھر ترقی کی طرف قدم بڑھایا جائے کیونکہ اگر امن نہ ہوگا تو ایسی ترقی کا کیا فائدہ کہ۔۔ اپنے گھر دکان اور سڑکوں پر محفوظ نہ ہوں۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: MEEZAN QUETTA
Bullet No. 6
Dated: 15 DEC 2025
Page No. 26

# پولیو کا خاتمہ مشترکہ ذمہ داری!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ پولیو ایک موذی مرض ہے لیکن یہ لاعلاج نہیں۔ اگر اس کا بروقت علاج کیا جائے تو یہ ختم ہوسکتا ہے۔ یہ مرض چھوٹے بچوں کو ہوتا ہے اگر ان کو ویکسین نہ کرائی جائے تو وہ زندگی بھر کے لیے معذور ہوجاتے ہیں۔ اس موذی مرض کا دنیا کے اکثر ممالک سے خاتمہ ہوگیا ہے جس کی اہم وجہ یہ ہے کہ اس کے قطرے وہاں کے بچوں کو پلائے جاتے رہے ہیں ان میں کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ اور غفلت و سستی پیش نہیں آئی۔ پاکستان میں بھی اس موذی مرض کا تقریباً خاتمہ ہوگیا ہے لیکن پڑوسی ملک افغانستان سے کبھی کبھار پولیو کا کوئی ایک آدھ کیس آجاتا ہے جو کہ ایک تشویشناک بات ہے اس لیے اس کا ازالہ کرنا بہت ہی ضروری ہے۔ کیونکہ اسی عمل سے پولیو وائرس کا خاتمہ ہوسکتا ہے۔

گذشتہ روز ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت 15 دسمبر 2026ء سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ریڈینس اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، این اسٹاف پولیس حکام اور متعلقہ پولیو افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ پولیو مہم کے دوران 420,341 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اس مقصد کے لیے 1620 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جبکہ مہم کی حفاظت اور موثر نگرانی کے لیے 1430 سیکیورٹی اہلکار ڈیوٹی دیں گے۔ اجلاس میں پولیو ٹیموں اور عوام کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے جامع سیکیورٹی پلان بھی مرتب کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کا خاتمہ حکومت اور والدین کی مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں تاکہ مستقبل کی نسل کو مستقل معذوری سے بچایا جاسکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ پولیو ورکرز کی مکمل معاونت کرے گی اور مہم کے دوران کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام ٹیمیں بروقت، مستند اور ذمہ دارانہ کارکردگی کو یقینی بنائیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی نے بچے کو حفاظتی قطرے پلا کر ضلع بھر میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمے کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کا اجلاس سے خطاب اور اس میں اس اہم مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اقدامات اور اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیے مشترکہ ذمہ داریوں کے حوالے سے جو بیان دیا ہے وہ قابل تعریف ہے کیونکہ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس مرض کے خاتمے میں تمام سٹیک ہولڈرز کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے کیونکہ ایسا کرنے سے ہی اس بیماری کا خاتمہ ممکن ہے۔ اس سلسلے میں یہاں اس بات کا ذکر کرنا بھی ازحد ضروری ہے کہ اس مہم کو کامیاب کرنے میں سب سے بڑا کردار والدین کا ہے۔ اگر تمام والدین اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے باقاعدگی سے پلوائیں تو اس خطرناک مرض سے چھٹکارا مل سکتا ہے۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کو اس مہم کا کامیاب بنانے بھرپور اشتہاری آگاہی مہم شروع کرنی چاہیے اس میں علاقے کے معتبرین کے ساتھ ساتھ علماء کرام اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ علماء کرام اپنے جمعہ کے خطبوں میں عوام میں اس حوالے سے شعور پیدا کرنے کے اقدامات کرسکتے ہیں۔ اس لیے ان کا ادراک کرنا چاہیے اگر تمام سٹیک ہولڈرز اپنا اپنا کردار ادا کرتے ہوئے مشترکہ ذمہ داری کا احساس کریں تو پھر پولیو جیسے موذی مرض کا خاتمہ جلد ممکن ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily AZADI QUETTA
Bulletin No 6
Dated 15 DEC 2025 Page No. 27

# بلوچستان کے عوام کیلئے جدید ٹرانسپورٹ کی سہولت، حکومت بلوچستان کا انقلابی قدم!

بلوچستان کے عوام کیلئے آرام دہ بہترین جدید ٹرانسپورٹ سروس کی فراہمی حکومت بلوچستان کی جانب سے بڑا تحفہ ہے۔ گرین بس سروس کے بعد خواتین کیلئے پہلی پنک بس سروس کا آغاز انقلابی قدم ہے اس سے خواتین کی سفری مشکلات میں نہ صرف کمی آئے گی بلکہ محفوظ اور بہتر سہولت میسر آئے گی۔ کئی دہائیوں بعد بلوچستان میں پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام میں واضح بہتری آرہی ہے جس سے عوام مستفید ہو رہے ہیں۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے کوئٹہ تا سریاب پیپلز ٹرین منصوبے پر بھی کام جاری ہے جس سے عوام کیلئے سفر میں مزید آسانیاں پیدا ہونگی۔ کوئٹہ شہر میں ٹریفک کا دباؤ بہت زیادہ ہے اندرون شہر ٹرین سروس سے ٹریفک کے دباؤ میں کمی آئے گی شہریوں کیلئے یہ ایک بڑی سہولت ثابت ہوگی۔ بلوچستان کے عوام کی یہ دیرینہ شکایت تھی کہ انہیں بہترین اور جدید سفری سہولیات میسر نہیں عوام کو ایک بڑا تحفہ بلوچستان حکومت کی جانب سے دیا گیا ہے جو ایک تبدیل ہوتا ہوا بلوچستان کی جھلک ہے۔ عوام کی رقم ان کی فلاح و بہبود اور ترقیپر خرچ کی جارہی ہے جو قابل تعریف ہے۔

گزشتہ دنوں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پنک بس سروس کے آغاز اور گرین بس سروس کے توسیعی منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ میں پہلی پنک بس سروس کا آغاز چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے اُس وژن کی عملی تعبیر ہے جس کا اظہار انہوں نے میرے وزیر اعلیٰ کا حلف اٹھانے کے روز کیا تھا۔ یہ ہمارے لیے باعثِ فخر لمحہ ہے کہ پنک اسکوٹیز کے بعد اب پنک بس سروس کا آغاز ہو رہا ہے جو صوبے میں خواتین کے لیے باوقار، محفوظ اور معیاری سفری سہولیات فراہم کرنے کی جانب ایک انقلابی قدم ہے۔ حکومت بلوچستان صوبے کے عوام کو جدید اور معیاری ٹرانسپورٹ کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے اسی مقصد کے تحت گرین بس سروس کا دائرہ پشین، مستونگ اور تربت تک بڑھایا جا رہا ہے جبکہ کوئٹہ تا سریاب پیپلز ٹرین منصوبے پر بھی بھرپور پیش رفت جاری ہے جو شہریوں کے لیے ایک بڑی سہولت ثابت ہوگی۔ اس کے علاوہ ہم بلوچستان میں الیکٹرک بسوں کو متعارف کرائیں گے تاکہ عوامی سہولیات کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی آلودگی کے چیلنجز سے بھی نمٹا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ''خواتین کی بااختیاری معاشرتی ترقی کی بنیاد ہے۔'' بلوچستان کے مختلف اضلاع میں خدمات سرانجام دینے والی خواتین ڈپٹی کمشنرز نے اپنی کارکردگی سے ثابت کیا ہے کہ انتظامی امور میں خواتین کسی بھی میدان میں مردوں سے کم نہیں حکومت ہر شعبے میں خواتین کو نئے مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، پنک بس سروس کا آغاز، خواتین کے لیے اسکالرشپس اور دیگر ترقیاتی پروگرام اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خواتین اور عوام کو مزید سہولیات فراہم کرنے کے عزم کا بھی اظہار کیا تاکہ وہ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی میں شامل ہوسکیں۔ بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے اعلیٰ تعلیم کیلئے بھی موثر اقدامات اٹھائے جارہے ہیں جس سے یقیناً بلوچستان کے نوجوان مستفید ہونگے۔ ماضی میں بلوچستان کو انتہائی پسماندہ رکھا گیا لیکن اب روشن اور تابناک بلوچستان کا خواب پورا ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ بلوچستان کے نوجوانوں کو بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے بھی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں تاکہ بیروزگاری ومعاشی بدحالی کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No 6 Dated: 15 DEC 2025 Page No. 28

# Reviving border trade

Districts of Balochistan, sharing border with Iran and Afghanistan are more underdeveloped and impoverished. Poverty, unemployment and backwardness much higher in these districts. Residents at borders districts compelled fulfil their daily needs and commodities from informal trade and when there is closure of border trade not only a large number of people become jobless but also people face daily commodity shortage. The closure of informal business multiplies the miseries and sufferings of local people who have been protesting and agitating against the closure of informal trade at border areas. Balochistan's chronic underdevelopment keeps its residents impoverished and marginalized. Compared with other provinces, Balochistan trails behind in economic development as its 12 million residents face poverty, poor health and infrastructure, and low literacy. The region's underdevelopment has forced its youth to make a living from dangerous cross-border trade. Analysts claim that Balochistan deeply relies on the informal fuel trade with Iran. Thousands render jobless once border is close and extra ordinary strict restriction on oil and other trade. In past there was no travel and trade restrictions on people but in the last some years travel and trade restrictions have been imposed by erecting fences at the border which has worsened the situation. If the situation at the borders remains the same then the scenario of the province will be similar to that of Sudan and Somalia as economic misery will spread rapidly throughout Balochistan. For the last several decades, the people of Makran, Chagai and other border districts used to make a living from trade with Iran. Before the Goldsmith Line, the people of both sides used to freely visit each other. There were no restrictions. The contracts were based in terms of relationships, culture and language. The largest source of livelihood in Balochistan especially in Makran is the border trade with Iran which has been running the economic wheel of the society. Most of the people hailing from Awaran, Khuzdar, Lasbela, Jhalawan, Sarawan and Mashkel also rely on this trade, because there are no employment opportunities. The authorities ought to make public access to the border possible so that the business community and the working class could earn a living and support their children. To resume the border trade with Iran and Afghanistan the Pakistani authorities must take all possible measures to revive trade with neighboring countries and address the looming poverty, hunger and disillusionment at border areas. The authorities must sort out issues hindering resumption of trade and ought to be addressed on priority basis by the government and authorities concerned.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 15 DEC 2025 Page No. 29


# خان آف قلات کی مہم جوئی، اسباب؟




ترازو

☆☆☆

محمد بلال غوری

bilal.ghauri@janggroup.com.pk


خان آف قلات کی سرکشی سے متعلق یہ سوال بہت معنی خیز انداز میں اُٹھایا جاتا ہے کہ میر احمد یار خان نے مارچ 1948ء میں اچانک پاکستان سے الحاق کی دستاویز پر دستخط کیوں کر دیے؟ کیا انہیں ریاستی جبر کے ذریعے ایسا کرنے کو کہا گیا؟ مگر تاریخی حقائق سے معلوم ہوتا ہے کہ حقیقی اسباب کچھ اور تھے۔ دراصل خان آف قلات کی پاکستان کیخلاف مہم جوئی کو ابتدا میں تاج برطانیہ کی پشت پناہی اور اشیر باد حاصل تھی۔ برطانیہ تزویراتی مقاصد کے پیش نظر قلات میں اپنا دفاعی اڈہ بنانے کے منصوبے پر کام کر رہا تھا لیکن جب یہ منصوبہ ترک کر دیا گیا اور خان آف قلات کی سرپرستی سے ہاتھ کھینچ لیا گیا تو میر احمد یار خان کے پاس پاکستان سے الحاق کے سوا کوئی چارہ کار نہ رہا۔ برطانوی تھنک ٹینک ''فارن پالیسی سینٹر'' جو 1998ء میں وزیراعظم ٹونی بلیئر کے ساتھ لانچ کیا گیا 2006ء میں سامنے آنیوالی اسکی رپورٹ Balochis of Pakistan: On the margins of history میں خفیہ دستاویزات کی روشنی میں خوفناک انکشافات کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق شروع میں برطانیہ کا ارادہ تھا کہ آزاد بلوچستان کو اس خطے میں اپنی سرگرمیوں کیلئے بطور بیس استعمال کیا جائے گا۔ میجر جنرل RC Money جو ہندوستان میں اسٹریٹجک پلاننگ کے انچارج تھے انہوں نے 1944ء میں جنگ عظیم کے بعد کے منظر نامے سے متعلق ایک رپورٹ تیار کی جس میں کہا گیا کہ اگر آخر کار انتقال اقتدار کی نوبت آجائے تو ایسی صورت میں خلیج فارس کے دفاع کیلئے بلوچستان کو ایک فوجی اڈے کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ فارن پالیسی سینٹر کی رپورٹ کے مطابق 1946ء میں ہندوستان کو تقسیم کرنے کا فیصلہ ہوا تو برطانوی حکام اس نتیجے پر پہنچے کہ کمزور بلوچستان میں فوجی اڈا بنانے کا کیا فائدہ، ایسا ملٹری بیس تو پاکستان میں بھی ممکن ہے لہٰذا اسیکریٹری آف اسٹیٹ لارڈ Listowel نے ستمبر 1947ء میں لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو نصیحت کی کہ ریاست قلات کی جغرافیائی اہمیت کے پیش نظر اسکا آزاد ہونا بہت خطرناک ہوگا۔ لہٰذا پاکستان میں تعینات برطانوی ہائی کمشنر کے ذریعے حکومت پاکستان کو کہا گیا کہ قلات کے ساتھ ایسا کوئی معاہدہ نہ کیا جائے جسکے تحت ریاست قلات کو ایک علیحدہ ملک کی حیثیت حاصل ہوجائے۔ فارن پالیسی سینٹر کی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ برطانوی حکام ایران میں قائم ہونیوالی وزیراعظم مصدق کی قوم پرست حکومت کیخلاف بلوچستان کو استعمال کرنے میں دلچسپی رکھتے تھے اور جیسا کہ 1949ء میں انہوں نے کیا بھی۔ یہ وہ حالات تھے جن میں خان آف قلات کو پاکستان سے الحاق کا اعلان کرنا پڑا اور یوں ریاست قلات کی 222 دن پر محیط آزادی کا دور اختتام پذیر ہوگیا۔ خان آف قلات نے اپنی خودنوشت Inside Balochistan میں لکھا ہے کہ انہوں نے 30 مارچ 1948ء کو الحاق کی دستاویز پر دستخط کیے مگر انسٹرومنٹ آف Accession پر 27 مارچ 1948ء کی تاریخ درج ہے جسے گورنر جنرل قائداعظم محمد علی جناح نے 31 مارچ 1948ء کو قبول کیا۔ خان آف قلات نے پاکستان سے الحاق کی دستاویز پر دستخط کرنے کو تاریخ کا جبر قرار دیا ہے۔ 15 اپریل 1948ء کو ایجنٹ ٹو گورنر جنرل نے خان آف قلات کو طلب کرکے بتایا کہ قائداعظم کی ہدایت پر قلات میں اسٹیٹس کو بحال رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے یعنی قیام پاکستان سے پہلے ریاست قلات کی جو حیثیت تھی وہی برقرار رہے گی۔ یعنی ایجنٹ ٹو گورنر جنرل کے ماتحت پولیٹیکل افسر وزیراعظم کے ذریعے انتظامی معاملات کو چلائے گا۔ حکومت پاکستان کی طرف سے خان بہادر ظریف خان کو وزیراعظم بنا کر قلات بھیج دیا گیا۔ غوث بخش بزنجو اور میر گل خان نصیر سمیت متعدد رہنماؤں کو گرفتار کرلیا گیا۔ جس دن نئے وزیراعظم کی تعیناتی ہوئی، میر احمد یار خان کے بھائی شہزادہ میر عبدالکریم خان نے بغاوت کا علم بلند کر دیا اور اپنے ساتھیوں کے ہمراہ اس اُمید پر سرحد پار کرکے افغانستان چلے گئے کہ پاکستان دشمنی کے باعث افغان حکومت مسلح جدوجہد کیلئے بھرپور تعاون کرے گی۔ مگر وہاں سے مثبت جواب نہ ملا تو پرنس میر عبدالکریم خان کو قلات واپس آنا پڑا۔ امریکی مصنف Selig S Harrison جنہیں ایشیا سے متعلق امور پر اتھارٹی سمجھا جاتا تھا، وہ اپنی کتاب ''I n Afghanistan's shadow: Baluch nationalism and Soviet temptations'' کے صفحہ نمبر 26 پر لکھتے ہیں کہ شہزادہ میر عبدالکریم خان نے 700 پیروکاروں کے ہمراہ افغانستان جانے کے بعد بلوچ نیشنل لبریشن کمیٹی کے نام سے اپنا منشور جاری کر دیا جس میں خان آف قلات کی طرف سے پاکستان کیساتھ غیر مشروط الحاق سے لاتعلقی ظاہر کرتے ہوئے قلات کی آزادی کا اعلان کر دیا گیا اور پاکستان کے ساتھ ازسرنو بات چیت کا مطالبہ کیا گیا۔ KB Nizamani جو اس بغاوت کا حصہ تھے، انہوں نے 1980ء میں دیئے گئے ایک انٹرویو کے دوران انکشاف کیا کہ شہزادہ عبدالکریم کی اس بغاوت کو خان آف قلات کی درپردہ حمایت حاصل تھی۔ بہرحال شہزادہ عبدالکریم خان نے پاکستان واپس آکر گوریلا لڑائی کا آغاز کر دیا۔ کوئٹہ گیریژن کے کمانڈر بریگیڈیئر اکبر خان، جو بعد ازاں بطور میجر جنرل راولپنڈی سازش کیس کے سرغنہ کے طور پر مشہور ہوئے، نے 12 جولائی 1948ء کو شہزادہ عبدالکریم خان کو 102 ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا۔ اس حوالے سے بلوچ قوم پرستوں کا موقف یہ ہے کہ خان آف قلات نے اپنے بھائی کو سرنڈر کرنے پر قائل کیا، انتظامیہ نے قرآن کو ضامن بنا کر وعدہ کیا کہ پرنس عبدالکریم سمیت سب باغیوں کو عام معافی دیدی جائے گی لیکن عبدالکریم خان کیخلاف خصوصی جرگہ میں مقدمہ چلا کر دس سال قید بامشقت کی سزا سنادی گئی۔

خان آف قلات جو کراچی میں حکومت پاکستان کے مہمان تھے، وزیراعظم پاکستان لیاقت علی خان کی تجویز پر سر ظفراللہ خان کے ساتھ اقوام متحدہ کے اجلاس میں بطور ممبر جانے کو تیار ہوگئے۔ امریکہ، یورپ، ترکی اور عراق سمیت کئی ممالک کی سیر و سیاحت کے بعد واپس لوٹے مگر چند ماہ بعد دوبارہ طویل غیر ملکی دورے پر روانہ ہوگئے کیونکہ اب وہ برائے نام حکمران اور محض علامتی طور پر خان آف قلات تھے ورنہ ان کے پاس کسی قسم کے انتظامی اختیارات نہیں تھے۔ مارچ 1952ء میں حکومت پاکستان کی طرف سے بلوچستان کی تمام ریاستوں کو یکجا کرکے بلوچ اسٹیٹ یونین تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا اور 11 اپریل 1952ء کو قلات، مکران، خاران اور لسبیلہ کو ملا کر بلوچ اسٹیٹ یونین کے قیام کی منظوری دیدی گئی، خان آف قلات کو BSU کا صدر بنادیا گیا لیکن حیرت انگیز بات یہ ہے کہ مارچ 1948ء میں مکران، لسبیلہ اور خاران کی جداگانہ حیثیت تسلیم کرنے پر اعتراض کیا گیا تو اب ان سب ریاستوں کو یکجا کرنے پر بھی تنقید کی گئی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 15 DEC 2025 Page No. 30


## بلوچستان پاکستان کا دل


افکارِ زاہدی

نسیم الحق زاہدی

naseemulhaqzahidi@gmail.com




بلوچستان اپنی تزویراتی اہمیت، معدنی دولت اور جغرافیائی حیثیت کے باعث پاکستان کا نہایت اہم ترین خطہ ہے۔ مگر افسوس کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے اسے بیرونی سازشوں اور دشمن قوتوں نے دانستہ طور پر ایک ایسے معنوی میدان جنگ میں تبدیل کرنے کی کوشش کی ہے جس کی بنیاد محض پراپیگنڈے پر رکھی گئی ہے۔ جب بعض عناصر یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ بلوچستان میں کوئی حقوق کی جنگ جاری ہے تو وہ صرف جھوٹ اور دشمن کی زبان بول رہے ہوتے ہیں۔ بلوچستان نہ تو مقبوضہ علاقہ ہے اور نہ یہاں کبھی ایسے حالات پیدا ہوئے جو کسی تحریک کا جواز بن سکیں۔ یہاں جو کچھ ہو رہا ہے وہ سو فیصد دہشت گردی ہے جسے بھارت نے ایک منصوبہ بندی کے ساتھ پروان چڑھایا۔ بلوچستان میں سرگرم کالعدم تنظیمیں نہ بلوچستان کی خیر خواہ ہیں اور نہ ہی بلوچ عوام کی، ان کا اصل نشانہ ہمیشہ بے گناہ شہری، سیکیورٹی فورسز، ترقیاتی منصوبے اور وہ نوجوان رہے ہیں جو امن، تعلیم اور بہتر مستقبل کے خواہش مند ہیں۔ ان نام نہاد بلوچ حقوق کی دعویدار تنظیموں نے کبھی بھی بلوچ عوام کے مفادات کے لیے جدوجہد نہیں کی۔ واضح رہے کہ دنیا کی کوئی بھی حقیقی تحریک نہ ہی اپنے خطے کے اسکول جلاتی ہے، نہ ہسپتال تباہ کرتی ہے اور نہ ہی عوام کو اغوا، بلیک میل یا خوف میں مبتلا کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بلوچستان کی موجودہ صورتحال کسی صورت "جدوجہد" نہیں بلکہ مکمل دہشت گردی ہے۔ 1971 میں مشرقی پاکستان کو علیحدہ کرنے میں بھارت نے جو بھیانک کردار ادا کیا، وہی مکروہ سوچ آج بھی بھارتی ذہنوں میں پنپ رہی ہے۔ دہلی کی قیادت نے متعدد مرتبہ اعتراف کیا کہ وہ پاکستان کو اندر سے کمزور ہوتا ہوا دیکھنا چاہتی ہے۔ اسی سوچ کے تحت 1980 کی دہائی میں بھارت نے بلوچستان کو اپنا اگلا ہدف بنایا۔ افغان سرزمین اور بیرون ملک نیٹ ورکس کو استعمال کرتے ہوئے "را" نے فنڈنگ، تربیت اور اسلحے کی فراہمی کا منظم نظام قائم کیا۔ 2016 میں گرفتار ہونے والے بھارتی جاسوس کلبھوشن یادیو کے اعترافات نے دنیا کے سامنے بھارت کا اصل چہرہ بے نقاب کر دیا کہ وہ بلوچستان میں کن کالعدم گروہوں کو کس طرح پیسہ، تربیت اور سہولت فراہم کر رہا تھا۔ بلوچستان میں سرگرم یہ کالعدم گروہ درحقیقت چند خاندانوں کا ذاتی کاروبار ہیں۔ ان کے لیڈر بیرون ممالک بیٹھ کر فنڈنگ لیتے ہیں، عیاشی کی زندگیاں گزارتے ہیں، مگر قربانی صرف ان نوجوانوں سے لیتے ہیں جنہیں برین واشنگ کے ذریعے پرتعیش زندگی کے جھوٹے خواب دکھا کر جذباتی بنا کر پہاڑوں پر بھیجا جاتا ہے، جہاں انہیں ریاست کے خلاف بغاوت پر اکسایا جاتا اور دہشت گردی کی آگ میں جھونک دیا جاتا ہے۔ اگر یہ تحریکیں واقعی عوامی ہوتیں تو ان کی جڑیں بلوچستان کے دیہاتوں، شہروں، قبائل اور عوام کے اندر ہوتیں لیکن ایسا نہیں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ 100 فیصد بلوچ عوام نہ ان تنظیموں کے ساتھ ہیں اور نہ ان کے زہریلے بیانیے کو قبول کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ گزشتہ چند برسوں میں ہزاروں بھٹکے ہوئے نوجوانوں نے ہتھیار ڈال کر قومی دھارے میں واپسی اختیار کی۔ بلوچستان میں جاری دہشت گردی دراصل پاکستان کے خلاف جاری "ہائبرڈ وار" کا حصہ ہے۔ دشمن جانتا ہے کہ براہ راست جنگ ممکن نہیں، اس لیے پراپیگنڈا، جھوٹ، سوشل میڈیا Manipulation، جعلی رپورٹس اور نفرت کے بیج بو کر ایک ایسی ذہنی جنگ مسلط کی گئی ہے جس کا مقصد ریاست اور عوام کے درمیان بداعتمادی پیدا کرنا ہے۔ بھارتی نیٹ ورکس کی جانب سے چلائے جانے والے جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس، اے آئی سے تیار شدہ ویڈیوز، جھوٹی انسانی حقوق کی رپورٹس اور بیرون ملک لابیوں کی سرگرمیاں اسی ہائبرڈ وار کی مثالیں ہیں۔ مگر حقائق اس برعکس ہیں۔ بلوچ عوام ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں۔ وہ اپنے ملک، اپنی ثقافت اور اپنے مستقبل سے جڑے ہوئے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ اگر بلوچستان ترقی کرے گا تو وہی اس کے اصل وارث ہوں گے۔ یہی وجہ ہے کہ پورے بلوچستان میں ہزاروں ترقیاتی منصوبے جاری ہیں۔ گوادر پورٹ، سی پیک، سڑکوں کے نیٹ ورک، ڈگری کالجز، یونیورسٹیاں، آئی ٹی لیبز، ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن، کھیلوں کے میدانوں کی تعمیر یہ سب اس بات کا ثبوت ہے کہ بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور ریاست اس خطے کو مضبوط بنانے کے لیے مسلسل کام کر رہی ہے۔ اگر بلوچستان واقعی "مقبوضہ علاقہ" یا "متنازع" ہوتا تو کیا یہاں نوجوان تعلیم، کھیل، آئی ٹی اور کاروبار کے شعبوں میں آگے بڑھ رہے ہوتے؟ کیا یہاں کے علاقے ترقیاتی منصوبوں سے بدل رہے ہوتے؟ کیا یہاں ہزاروں نوجوان ہر سال پاک فوج، ایف سی، پولیس اور سویلین اداروں میں شامل ہو رہے ہوتے؟ کوئی بھی مقبوضہ ریاست اپنے وفاقی اداروں میں شامل نہیں ہوتی، مگر بلوچستان میں ایسا ہو رہا ہے، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بلوچستان، پاکستان کا حصہ ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے گزشتہ دو دہائیوں میں ہزاروں جانوں کی قربانی دے کر بلوچستان کو محفوظ بنایا ہے۔ انہوں نے بھارت کے نیٹ ورکس توڑے، دہشت گردوں کے ٹھکانے ختم کیے، عوام کے لیے امن کا ماحول قائم کیا اور ساتھ ہی ساتھ تعلیم، صحت اور روزگار کے شعبوں میں بے شمار منصوبے مکمل کیے۔ دنیا میں کہیں بھی یہ مثال نہیں ملتی کہ فوج صرف سیکیورٹی ہی نہیں بلکہ تعلیم، ترقی، فلاح اور سماجی بہبود کے منصوبوں کو بھی اپنی نگرانی میں مکمل کریں مگر بلوچستان اس کی زندہ مثال ہے۔ بلوچستان دشمنوں کی نظر میں اس لیے اہم ہے کہ یہاں گوادر پورٹ موجود ہے، سی پیک گزر رہا ہے، معدنی وسائل بے مثال ہیں، جغرافیائی پوزیشن غیر معمولی ہے، اور مستقبل میں پاکستان کی معاشی طاقت کا مرکز یہی خطہ ہے۔ دشمن یہی نہیں چاہتا کہ پاکستان اپنے معاشی مستقبل کی طرف بڑھ سکے، اس لیے وہ بلوچستان میں بدامنی کی آگ بھڑکانے کی کوشش کرتا ہے۔ مگر سچ یہ ہے کہ بھارت کی کبھی کوئی سازش کامیاب نہیں ہو سکتی کیونکہ قوم متحد ہے۔ بلوچستان پاکستان کی شناخت ہے، وطن عزیز کا دل ہے، اور اس کا مستقبل پاکستان کے ساتھ ہے۔ یہاں صرف دہشت گردی ہے اور اس دہشت گردی کے پیچھے بھارت کی وہی پالیسی ہے جو اس نے 1971 میں اختیار کی تھی۔ مگر اب حالات بدل چکے ہیں۔ پاکستانی قوم، سیکیورٹی ادارے، بلوچ عوام اور دنیا سب حقیقت سے واقف ہیں۔ بلوچستان پاکستان ہے، پاکستان رہے گا اور دشمن کی ہر سازش ہر بار ناکام ہوگی۔ انشاءاللہ

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 15 DEC 2025 Page No. 31

# رائز بلوچستان، نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور جامع ترقی کی جانب انقلابی قدم

تحریر: سراج خان

رائز بلوچستان نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور جامع ترقی کی جانب ایک انقلابی قدم ہے، رقبے کے لحاظ سے پاکستان کے سب سے بڑے صوبے بلوچستان کے 36 اضلاع اپنی منفرد ثقافت، روایات اور سماجی و معاشی حالات رکھتے ہیں قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے اور جغرافیائی اہمیت کے باوجود صوبہ کئی دہائیوں سے پسماندگی، بے روزگاری، معاشی مواقع کی کمی، کمزور بنیادی ڈھانچے، بگڑتی ہوئی امن و امان کی صورتحال اور نوجوانوں و خواتین کی مسلسل محرومی جیسے سنگین مسائل کا سامنا کر رہا ہے ہر سال ہزاروں نوجوان نہ تو روزگار کے قابل ہنر حاصل کر پاتے ہیں اور نہ ہی انہیں ایسے مواقع میسر آتے ہیں جن کے ذریعے وہ معاشرے میں مؤثر کردار ادا کر سکیں یہ صورتحال غربت کے سلسلے کو برقرار رکھتے ہوئے نوجوانوں کی اصل صلاحیتوں کے اظہار میں رکاوٹ بنتی ہے ان دیرینہ مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے اور ایک جامع اور مؤثر حل کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے، حکومت بلوچستان نے ایک خصوصی پروگرام ریزیلینس، انٹیگریشن اینڈ سوشیو اکنامک ایمپاورمنٹ کے نام سے شروع کیا ہے اس پروگرام کے ذریعے چھ اضلاع پنجگور، خاران، واشک، گوادر، آواران اور کیچ میں نوجوانوں اور کمیونٹیز کو بااختیار بنانے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں اس اقدام کا مقصد معاشی استحکام، نوجوانوں کی صلاحیتوں میں اضافہ اور انہیں معاشرے میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بنانا ہے رائز پروگرام کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں کی ترقی کے لیے حکومت کے پختہ عزم کا اظہار کیا اور بتایا کہ نوجوانوں کے لیے اربوں روپے کا خصوصی مالی پیکج مختص کیا گیا ہے جس کا آغاز بی آر ایس پی کے ذریعے چھ اضلاع میں کیا گیا ہے اس پروگرام کے تحت نوجوانوں کو قرضے فراہم کیے جائیں گے، کاروباری ماڈلز کو بہتر بنانے میں معاونت دی جائے گی اور انہیں ایسے ہنر سکھائے جائیں گے جن کے ذریعے وہ باوقار طریقے سے اپنا روزگار کما سکیں اس سرمایہ کاری کو نوجوانوں کی طویل المدتی ترقی کی بنیاد قرار دیا گیا ہے حکومت بلوچستان کی جانب سے 16.79 ارب روپے کی خطیر سرمایہ کاری سے بی آر ایس پی کے اشتراک سے رائز پروگرام کا مقصد مقامی لوگوں کا معاشی استحکام، نوجوانوں کی صلاحیتوں میں اضافہ اور انہیں بدلتی ہوئی معاشی دنیا میں ترقی کے قابل بنانا ہے رائز پروگرام صوبے میں ترقی کا ایک جامع روڈ میپ ہے جو سماجی اور معاشی، دونوں رکاوٹوں کو دور کرنے پر مرکوز ہے سماجی سطح پر اس پروگرام کے تحت تقریباً 3 لاکھ 80 ہزار گھرانوں کو گورننس کے فروغ، خواتین و نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور کمیونٹی ڈائیلاگ، امن و ہم آہنگی کے اقدامات اور سماجی یکجہتی کی سرگرمیوں، استعداد سازی اور اجتماعی ترقی کے وژن کو پروان چڑھایا جا رہا ہے۔ تقریباً 900 سے زائد نوجوانوں کو تنظیمات میں قائدانہ کردار ادا کرنے کے قابل بنایا جائے گا جبکہ 180 مقامی تنظیموں کو مضبوط کیا جا رہا ہے تاکہ یہ اقدامات پائیدار نتائج پیدا کر سکیں معاشی سطح پر بھی یہ پروگرام انتہائی وسیع اور بامقصد ہے تقریباً 80 ہزار گھرانوں کو ہنرمند بنانے، کاروبار قائم کرنے اور مالی خدمات تک رسائی میں مدد دی جا رہی ہے۔ 57 ہزار سے زائد خاندانوں کو کاروبار کرنے میں معاونت دی جا رہی ہے تاکہ خود انحصاری کو فروغ ملے۔ مزید برآں چار ہزار سے زائد نوجوانوں کو ٹیکنیکل و ووکیشنل ٹریننگ دی جا رہی ہے تاکہ بہتر روزگار کے مواقع پیدا ہوں 1,620 کمیونٹی انفراسٹرکچر کی تعمیر 16,500 گھرانوں کے لیے نئے مواقع پیدا کر رہی ہے، جبکہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کی معاونت سے 1,800 خاندانوں کے لیے روزگار کے امکانات بڑھ رہے ہیں۔ اخوت اور دیگر مالیاتی اداروں کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے 12 ہزار نوجوانوں اور کاروباری افراد کو قرضوں اور مالی سہولیات تک رسائی دی جا رہی ہے پروگرام کے افتتاحی تقریب میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے واضح کیا کہ یہ بنیادی طور پر نوجوانوں کی معاشی و سماجی ترقی کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ چھ اضلاع میں ہزاروں نوجوانوں کو تربیت، کاروبار قائم کرنے کی معاونت اور قرضوں تک رسائی دی جائے گی اس پروگرام سے پنجگور، خاران، واشک، گوادر، آواران اور کیچ جیسے اضلاع کو خصوصی طور پر فائدہ پہنچے گا جہاں نوجوانوں کی ترجیحات اور ہنر کی طلب کو مدنظر رکھا جائے گا۔ رائز بلوچستان محض ایک ترقیاتی پروگرام نہیں بلکہ اُمید، حوصلہ اور مواقعوں کا ایک نیا سفر ہے نوجوانوں کو جدید ہنروں سے آراستہ کرتے، خاندانوں کو معاشی مواقع فراہم کرنے اور کمیونٹیز کو اندرونی طور پر مضبوط بنانے کے ذریعے یہ پروگرام ایک خوشحال اور جامع مستقبل کی بنیاد رکھ رہا ہے جیسے جیسے پروگرام ہر ضلع میں آگے بڑھے گا، بلوچستان اپنے وژن کے قریب ہوتا چلا جائے گا جس میں یہ تمام اضلاع بتدریج بااختیار، مضبوط اور روشن مستقبل کی جانب گامزن ہوتے چلے جائیں گے۔